www.understandquran.com

سبق 29

هُوَ، هُمْ

اب ہم عربی زبان کے بنیادی گرامر کو سیکھیں گے۔ اس حصہ کو شروع کرنے سے پہلے یہ بات یاد رکھیں کہ ہم جب بھی گرامر کا کوئی حصہ سیکھیں گے تو TPI یعنی (Total Physical Interaction) کے ذریعہ سیکھیں گے۔ اس کا مطلب ہوتا ہے: دماغ سے سوچنا، آنکھوں سے دیکھنا، کانوں سے سننا، زبان سے بولنا، ہاتھوں سے بتانا، دل سے پڑھنا اور مل کر پڑھنا۔ اس طریقہ کو استعمال کرکے ہم آسانی کے ساتھ اور دلچسپ انداز میں عربی کے قواعد کو سیکھ سکتے ہیں۔

گرامر کے اس پہلے سبق میں آپ عربی کے دو ایسے الفاظ پڑھیں گے جو قرآن مجید میں بہت ساری مرتبہ آئے ہیں۔ وہ الفاظ یہ ہیں: "هُوَ، هُمْ"۔ انہیں اچھی طرح یاد رکھیں اور ان کے ترجمہ کو بھی سمجھ کر یاد کرلیں۔ آیئے اب ہم ان الفاظ کی مشق کرتے ہیں، مشق کے دوران TPI کو ضرور استعمال کریں۔

عربی الفاظ	ترجمہ
هُوَ	وہ
هُمْ	وہ سب

اب ہم ان الفاظ کی مشق مُسْلِم اور مُسْلِمُوْن کے ساتھ ملا کر کریں گے؛ تاکہ ان الفاظ کو اچھی طرح سمجھ سکیں اور اپنے جملوں میں ان کو استعمال کرنا ہمارے لیے آسان ہو جائے۔ ابھی صرف یہ یاد رکھیں کہ "مُسْلِم" کے ساتھ "هُوَ" استعمال ہوگا اور "مُسْلِمُوْن" کے ساتھ "هُمْ" استعمال ہوگا۔

گہری سانس لیجیے اور هُوَ، هُمْ کی مشق مُسْلِم اور مُسْلِمُوْن سے ملا کر کیجیے، مشق کے دوران TPI کا استعمال ضرور کریں

عربی الفاظ	ترجمہ
هُوَ مُسْلِم	وہ مسلمان ہے
هُمْ مُسْلِمُوْن	وہ سب مسلمان ہیں

بول چال

اب ہم عربی کے ایک نئے لفظ "مَنْ" (کون) کو لے کر عربی بول چال کی مشق کریں گے، یاد رہے کہ یہ مشق بھی TPI کے ساتھ ہی کرنا ہے۔

سوال	جواب
مَنْ هُوَ؟	هُوَ مُسْلِم
مَنْ هُمْ؟	هُمْ مُسْلِمُوْن